نسلی مساوات کی ترویج کے لیے
موجودہ اور تجویز کردہ اقدامات

ڈویلپمنٹ بیورو (ورکس برانچ)

ڈویلپمنٹ بیورو (ورکس برانچ) (ڈی ای وی بی) (ڈبلیو بی)) عامۃ الناس کے تمام ارکان، بشمول مختلف النسل افراد کو سرگرم رکھنے کو بہت اہمیت دیتا ہے تاکہ وہ حکومتی معلومات تک رسائی پا سکیں اور بیورو کی فراہم کردہ خدمات کو حاصل کر سکیں۔ مختلف النسل افراد کے لیے نسلی مساوات کی ترویج اور کمیونٹی سروسز تک مساوی رسائی کے اقدامات اپنی جگہ پر موجود ہیں۔

A. پبلک انکوائری سروس

عامۃ الناس ٹیلیفون انکوائری، ای میل اور معلومات تک رسائی کے کوڈ کے تحت کی گئی درخواست کے ذریعے ڈی ای وی بی (ڈبلیو بی) سے متعلق معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ اس امر کو یقینی بنانے کے لیے عامۃ الناس نسلی پس منظر سے قطع نظر ہو کر پبلک انکوائری سروس تک باآسانی رسائی پائیں، اس سروس کی فراہمی میں لسانی رکاوٹ پر قابو پانے کے لیے اقدامات لیے گئے ہیں۔	● متعلقہ خدمات
ترجمانی سروس کا انتظام کیا جائے گا جہاں ضروری اور موزوں تصور کیا گیا۔	● موجودہ اقدامات
ترجمانی سروس کی موثریت پر عامۃ الناس، بشمول مختلف النسل افراد کا فیڈبیک جمع کیا جائے گا تاکہ اس کا جائزہ لیا جائے اور بہتری لائی جائے۔	● مستقبل کے کام کا جائزہ

B. مقام کا بندوبست

i. <u>کیٹل ڈپو کے لیے</u>

کیٹل ڈپو آرٹسٹ ویلج (دی ویلج) کا عامۃ الناس کے لیے کھولا جانا تاکہ وہ تاریخی مقام سے لطف اندوز ہوں اور سرگرمیوں کا انعقاد کیا جائے۔	● متعلقہ خدمات
یہ ویلج عامۃ الناس کے لیے تمام ارکان کے لیے کھلا ہے اور اس مقام کو لیز پر لینے کی درخواست نسلی پس منظر سے قطع نظر	● موجودہ اقدامات

تمام آرٹ گروپس کرنے کے مجاز ہیں۔ چینی اور انگریزی کے اندر دو زبانوں میں نوٹسز اس ویلج میں دستیاب ہیں۔

● ہماری خدمات سے متعلق عامۃ الناس، بشمول مختلف النسل افراد کے فیڈبیک کا جائزہ لیا جائے گا تاکہ ان میں بہتری لائی جائے جہاں ضروری ہو۔	مستقبل کے کام کا جائزہ

ii. <u>نوادارات اور یادگاروں کے دفاتر کے مقامات (اے ایم او) کے لیے</u>

● عامۃ الناس کے لیے اے ایم او کے مقامات کا کھولا جانا تاکہ تاریخی مقامات سے لطف اندوز ہو سکیں۔	متعلقہ خدمات
● اے ایم او کے مقامات نسلی پس منظر سے قطع نظر عامۃ الناس کے تمام ارکان کے لیے کھلے ہیں۔ چینی اور انگریزی دونوں زبانوں میں نوٹسز تمام مقامات پر دستیاب ہیں۔	موجودہ اقدامات
● ہماری خدمات سے متعلق عامۃ الناس، بشمول مختلف النسل افراد کے فیڈبیک کا جائزہ لیا جائے گا تاکہ بہتریاں لائی جائیں جہاں کہیں ضروری سمجھا جائے۔	مستقبل کے کام کا جائزہ

iii. <u>اینرجائزنگ کوولون ایسٹ آفس (ای کے ای او)</u>

● ای کیو ای او کی طرف اداروں اور عامۃ الناس کے ارکان کے لیے باقاعدگی سے رہنمائی شدہ دوروں کا انعقاد کیا جاتا ہے تاکہ انہیں بریفنگز میں یہ باور کروایا جائے کہ کس طرح کوولون ایسٹ دوسرا مرکزی کاروباری ضلع بنا ہے اور کوولون ایسٹ میں کیا سمارٹ سٹی اقدامات لیے گئے ہیں۔	متعلقہ خدمات
● کسی بھی دلچسپی رکھنے والے اداروں اور عامۃ الناس کے اراکین کو ان کے نسلی پس منظر سے قطع نظر خوش آمدید کہا جاتا ہے کہ وہ رہنمائی شدہ دوروں کے لیے اندراج کروائیں۔	موجودہ اقدامات
● رہنمائی شدہ دوروں کا انعقاد دو رسمی زبانوں یعنی کہ چینی اور/یا انگریزی میں کیا جاتا ہے جس طرح کہ وہ وزیٹرز کو موزوں لگنے کے لیے مناسب ہوں۔	
● وزیٹرز میں تقسیم کرنے کے لیے لیفلیٹس، کتابچے اور پمفلٹس چینی اور انگریزی دونوں زبانوں میں دستیاب ہیں۔ ای کیو ای او	

پرمعلوماتی پینلز بھی چینی اور انگریزی دونوں میں ہیں۔

موجودہ اقدامات جاری رہیں گے اور ان کا جائزہ لیا جائے گا جیسا کہ ضروری سمجھا گیا۔	● مستقبل کے کام کا جائزہ

iv. <u>فلائی دی فلائی اوور آپریشن زیر نگرانی ای کے ای او</u>

عامۃ الناس کو کوون ٹونگ بائی پاس کے اندر موجود تین جگہوں پر تخلیقی، فنی و ثقافتی، اور متعلقہ استعمالات کے لیے مقامات فراہم کرنا مقصود ہے۔ ان مقامات کا انتظام اور انصرام فی الوقت غیر منافع بخش تنظیم (ایچ کے اے ایل پی ایس) کے پاس ہے جو کہ فلائی دی فلائی اوور آپریشن کی نگرانی میں کام کرتی ہے۔	● متعلقہ خدمات
ان تین مقامات کا استعمال تمام اداروں اور افراد کے لیے درخواستیں دینے کے حوالے سے کھلا ہے چاہے ان کا کوئی بھی نسلی پس منظر ہو۔ وہ مذکورہ بالا استعمالات کے لیے سہولت گاہوں کو تقاریب اور سرگرمیوں کے انعقاد کے لیے بُک کر سکتے ہیں۔ انفرادی کاوش اورکمیونٹی میں سماجی شمولیت کی ترویج کے لیے، عامۃ الناس بشمول محروم گروہ اور مختلف النسل افراد کے افراد کو خوش آمدید کہا جاتا ہے کہ وہ ایچ کے اے ایل پی ایس اور/یا دیگر اداروں کے پروگراموں میں شرکت کریں۔	● موجودہ اقدامات
موجودہ اقدامات جاری رہیں گے اور ان کا جائزہ لیا جائے گا جب ضروری سمجھا گیا۔	● مستقبل کے کام کا جائزہ

C. تربیت برائے عملہ

نسلی حساسیت تفہیم اور نسلی امتیازی آرڈیننس کے حوالے سے فرنٹ لائن عملے کی آگہی میں اضافہ کرنا۔	● متعلقہ خدمات
ڈی ای وی بی (ڈبلیو بی) ایکوئل اوپرچیونٹی کمیشن، کنسٹیٹیوشن اینڈ مین لینڈ افیئرز بیورو، سول سروس ٹریننگ اور ڈویلپمنٹ انسٹیٹیوٹ اور متعلقہ غیر-حکومتی اداروں کے ساتھ مل کر کام کرنا جاری رکھے گا تاکہ فرنٹ لائن عملے کو تربیت فراہم کی جا سکے۔	● موجودہ اقدامات
عملے کا فیڈبیک اس نقطہء نظر سے حاصل کیا جائے گا تاکہ تشہیری میٹریلز کے مواد کو مزید بہتر بنایا جا سکے۔	● مستقبل کے کام کا جائزہ

D. استفسارات

Miss Janet Wong

– برائے استفسارات، براہ مہربانی رابطہ کریں

ٹیلیفون نمبر	:	3509 8801
فیکس نمبر	:	2523 5327
ای میل	:	wbenq@devb.gov.hk
ڈاک کا پتہ	:	15/F, West Wing, Central Government Offices, 2 Tim Mei Avenue, Tamar, Hong Kong

ڈویلپمنٹ بیورو (ورکس برانچ)
اگست 2023